کتاب نما

اصول الحدیث، مصطلحات و علوم (جلد اول)، ڈاکٹر خالد علوی۔ ناشر: الفیصل، اردو بازار، لاہور۔
صفحات: ۸۱۵۔ قیمت: ۳۷۵ روپے۔

امت کو جن علوم میں امتیاز حاصل ہے ان میں اصول الحدیث یا مصطلح الحدیث سرفہرست ہے۔ اس امت نے قرآن پاک کو تو (جس کے الفاظ وحی پر مشتمل تھے) لفظاً محفوظ کیا، سینوں میں بھی اور صحیفوں میں بھی۔ اسی طرح حدیث کو، جس کا مضمون آپؐ پر وحی کیا گیا، اسے بھی آپؐ سے معناً اور عملاً پوری طرح محفوظ کیا گیا اور اکثر جگہ لفظاً بھی محفوظ کر لیا گیا۔ یہ کارنامہ محدثین نے انجام دیا جو مسانید، جوامع، سنن اور معاجم کی شکل میں ہمارے سامنے ہے۔

اصول الحدیث یا علوم الحدیث ان قواعد و ضوابط کا نام ہے جس کے ذریعے حدیث رسولؐ، اس کی اقسام و انواع کی پہچان ہوتی ہے اور سند اور متن یا راوی اور مروی کا حال معلوم ہوتا ہے۔ علوم الحدیث یا علم مصطلح الحدیث بڑا وسیع علم ہے۔ یہ علم، احادیث کی جانچ پرکھ اور نقد و جرح کے لیے میزان کی حیثیت رکھتا ہے۔ جس طرح صرف و نحو کے بغیر عربی زبان میں ایک انسان میں بصیرت پیدا نہیں ہو سکتی، اسی طرح اس علم کے بغیر حدیث کی حیثیت کے بارے میں گفتگو نہیں کی جاسکتی۔

الحمدللہ اب بھی دنیا میں علوم القرآن اور علوم الحدیث کے ماہرین کی بڑی تعداد پائی جاتی ہے۔ ان ماہرین میں سے ایک ممتاز اور ذہین و فطین علمی شخصیت ڈاکٹر خالد علوی صاحب کی ہے جو علمی دنیا میں نمایاں مقام پیدا کر چکے ہیں۔ انھوں نے حدیث رسولؐ کے موضوع پر گراں قدر کام کیا ہے۔ پہلے حفاظت حدیث کے موضوع پر ایک عمدہ کتاب پیش کی۔ اب علوم الحدیث پر ان کی تازہ کتاب آئی ہے جو فکری و علمی گہرائی اور گیرائی کا عمدہ نمونہ ہے۔ اس موضوع پر اردو زبان میں جو کتابیں سامنے آئی ہیں، یہ موسوعہ بلاشبہ ان سب سے فائق ہے۔ یہ کتاب اپنی جامعیت، اسلوب بیان اور انداز تحقیق کے لحاظ سے جلیل القدر اور عظیم الشان کوشش ہے۔ کوئی بات حوالے کے بغیر نہیں ہے۔ بلاشبہ اصول حدیث کے اردو ذخیرے میں یہ ایک خوب صورت اضافہ ہے۔

کتاب کے آغاز میں ”علم الحدیث اور اس کا ارتقا“ کے عنوان سے بڑی عمدہ بحث کی گئی ہے۔ صحابہ